جاپان میں پناہ گزین کی حیثیت تسلیم کیے جانے کی درخواست دائر کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ آپ جاپان میں کام کر سکتے ہیں

مارچ ، 2019

امیگریشن بیورو ، وزارت انصاف

یہ اطلاع بالخصوص، مختصرالمعیاد سیاحت (”مختصر مدت قیام“) کی اجازت رکھنے والے اُن تمام خواتین و حضرات کےلیے ہے جو جاپان میں قیام کے دوران اپنی پناہ گزین کی حیثیت کو تسلیم کیے جانے کی درخواست کے ذریعے اپنی حیثیت قیام کو تبدیل کرواتے ہیں۔ حیثیت پناہ گزین کا نظام، اپنے ملک میں اذیتوں سے فرار ہو کر جاپان میں تحفظ کے حصول کی درخواست کرنے والے پناہ گزین افراد کے لیے بنایا گیا نظام ہے۔ یہ جاپان میں کام کے متلاشی افراد کے لیے بنایا گیا نظام نہیں ہے۔

14 جنوری، 2018تک پناہ گزین کی حیثیت تسلیم کیے جانے کی درخواست داخل کرنے والے تمام افراد کو، عمومی طور پر درخواست جمع کروانے کے 6 ماہ بعد، کام کرنے کی اجازت تھی۔ تاہم،15 جنوری 2018 سے امیگریشن بیورو وزارت انصاف نے اس کے عمل درامد پرنظر ثانی کی اور1951 کے پناہ گزینوں کے معاہدے کے مطابق، ایسے تمام درخواست دہندگان جن کی پناہ گزین کی حیثیت ابھی واضح نہ ہو، چاہے وہ پناہ گزین کی حیثیت کے تسلیم کیے جانے کی کاروائی سے گزر رہے ہوں، اُن کو جاپان میں کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس طرح کے درخواست دہندگان مدت قیام کے ختم ہونے کے بعد، ملک بدر کیے جانے کی کاروائی (بشمول جبری ملک بدری کی کاروائی) کے سزاوار ٹھرائے جائیں گے۔